


**Ramadan does not come to change our schedules. it comes to change our heart.**

شَهْرُ رَمَضَانَ الَّذِیٓ اُنْزِلَ فِیْهِ الْقُرْاٰنُ هُدًی لِّلنَّاسِ وَ بَیِّنٰتٍ مِّنَ الْهُدٰی وَ الْفُرْقَانِۚ فَمَنْ شَهِدَ مِنْكُمُ الشَّهْرَ فَلْیَصُمْهُؕ وَ مَنْ كَانَ مَرِیْضًا اَوْ عَلٰی سَفَرٍ فَعِدَّةٌ مِّنْ اَیَّامٍ اُخَرَؕ یُرِیْدُ اللّٰهُ بِكُمُ الْیُسْرَ وَ لَا یُرِیْدُ بِكُمُ الْعُسْرَ٘ وَ لِتُكْمِلُوا الْعِدَّةَ وَ لِتُكَبِّرُوا اللّٰهَ عَلٰی مَا هَدٰىكُمْ وَ لَعَلَّكُمْ تَشْكُرُوْنَ(۱۸۵)

رمضان کا مہینہ جس میں قرآن اترا لوگوں کے لیے ہدایت اور رہنمائی اور فیصلہ کی روشن باتیں تو تم میں جو کوئی یہ مہینہ پائے ضرور اس کے روزے رکھے اور جو بیمار یا سفر میں ہو تو اتنے روزے اور دنوں میں اللہ تم پر آسانی چاہتا ہے اور تم پر دشواری نہیں چاہتا اور اس لیے کہ تم گنتی پوری کرو اور اللہ کی بڑائی بولو اس پر کہ اس نے تمہیں ہدایت کی اور کہیں تم حق گزار ہو۔(سورۃ البقرہ185)

DOWNLOAD PLAYSTORE
MASOOMEEN (AS)- SHIA COMMUNITY
WHATSAPP
001 (639) 994-8836
@MASOOMEENAS.SHIA
WWW.MASOOMEENAS.COM
MALIABBAS.WIXSITE.COM/BLOG

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ كَمَا كُتِبَ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكُمْ لَعَلَّكُمْ تَتَّقُوْنَ ۝١٨٣

مومنو! تم پر روزے فرض کئے گئے ہیں۔ جس طرح تم سے پہلے لوگوں پر فرض کئے گئے تھے تاکہ تم پرہیزگار بنو (سورۃ البقرہ 183)

رمضان المبارک اسلامی تقویم (کیلنڈر) میں وہ بابرکت مہینہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے قرآن حکیم نازل فرمایا۔ رمضان المبارک کی ہی ایک بابرکت شب آسمانِ دنیا پر پورے قرآن کا نزول ہوا لہذا اس رات کو اللہ رب العزت نے تمام راتوں پر فضیلت عطا فرمائی اور اسے شبِ قدر قرار دیتے ہوئے ارشاد فرمایا:

لَيْلَةُ الْقَدْرِ خَيْرٌ مِّنْ اَلْفِ شَهْرٍ ۝

القدر، 97 : 3

”شبِ قدر (فضیلت و برکت اور اَجر و ثواب میں) ہزار مہینوں سے بہتر ہے“

روایت ہوئی ہے کہ جب حضرت رسولؐ اللہ ماہ مبارک رمضان کا نیا چاند دیکھتے تو قبلہ رو ہو کر فرماتے:

اَللّٰهُمَّ أَهِلَّهُ عَلَيْنَا بِالْاَمْنِ وَالْاِيمَانِ وَالسَّلَامَةِ وَالْاِسْلَامِ

اے معبود اس چاند کو ہمارے لیے امن و امان اور صحت و سلامتی کے ساتھ طلوع کر

وَالْعَافِيَةِ الْمُجَلَّلَةِ وَدِفَاعِ الْاَسْقَامِ وَالْعَوْنِ عَلَى الصَّلَاةِ وَالصِّيَامِ وَالْقِيَامِ وَتِلَاوَةِ الْقُرْآنِ۔

اور اس ماہ کو ہمارے لیے بہترین آسائش، بیماریوں سے بچاؤ، نماز روزے اور نفلی عبادات بجالانے اور قرآن کی تلاوت کرنے میں مددگار بنادے

اَللّٰهُمَّ سَلِّمْنَا لِشَهْرِ رَمَضَانَ، وَتَسَلَّمْهُ مِنَّا، وَسَلِّمْنَا فِيهِ حَتّٰى يَنْقَضِيَ عَنَّا شَهْرُ رَمَضَانَ وَقَدْ عَفَوْتَ عَنَّا وَغَفَرْتَ لَنَا وَرَحِمْتَنَا۔

اے معبود! ہمیں ماہ رمضان میں سلامت رکھ اور یہ پورا مہینہ نصیب فرما ہمیں تندرست رکھ جب تک ماہ رمضان گزر نہ جائے اور تو نے اس میں ہمیں معاف کیا ہو، بخش دیا ہو اور ہم پر مہربانی فرمائی ہو

امام جعفر صادقؑ سے منقول ہے کہ ہلال رمضان دیکھتے وقت یہ کہے:

اَللّٰهُمَّ قَدْ حَضَرَ شَهْرُ رَمَضَانَ وَقَدِ افْتَرَضْتَ عَلَيْنَا صِيَامَهُ

اے معبود! ماہ رمضان آگیا اور تو نے ہم پر اس کے روزے فرض کیے ہیں

وَأَنْزَلْتَ فِيهِ الْقُرْآنَ هُدًى لِلنَّاسِ وَبَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ۔

تو نے اس میں قرآن اتارا کہ جس میں لوگوں کے لیے ہدایت اور ہدایت کی دلیلیں اور یہ حق و باطل کا فرق ہے

اَللّٰهُمَّ أَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهِ، وَتَقَبَّلْهُ مِنَّا وَسَلِّمْنَا فِيهِ وَسَلِّمْنَا مِنْهُ وَسَلِّمْهُ لَنَا فِي يُسْرٍ مِنْكَ وَعَافِيَةٍ إِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيرٌ، يَا رَحْمٰنُ يَا رَحِيمُ۔

اے معبود! روزے رکھنے میں ہماری مدد فرما اور انہیں قبول کر، ہمیں اس ماہ میں تندرست رکھ اس سے مستفید کر اس پورے مہینے میں ہمیں آسانی نصیب فرما اور آسائش دے۔ بے شک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے اے بڑے رحم والے اے مہربان۔

## شب اول ماہ رمضان رسول اکرمؐ کی دعائیں

روایت ہے کہ جب ماہ رمضان کا آغاز ہوتا تو حضورؐ اسکی شب اول میں یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰهُمَّ إِنَّهُ قَدْ دَخَلَ شَهْرُ رَمَضَانَ

اے معبود! یقیناً رمضان کا مہینہ آگیا ہے

اَللّٰهُمَّ رَبَّ شَهْرِ رَمَضَانَ الَّذِي أَنْزَلْتَ فِيهِ الْقُرْآنَ، وَجَعَلْتَهُ بَيِّنَاتٍ مِنَ الْهُدٰى وَالْفُرْقَانِ،

اے معبود! اے ماہ رمضان کے پروردگار جس میں تو نے قرآن کریم نازل کیا اور تو نے اس کو ہدایت کی نشانیاں اور حق و باطل میں فرق کرنیوالا بنایا

اَللّٰهُمَّ فَبَارِكْ لَنَا فِي شَهْرِ رَمَضَانَ وَأَعِنَّا عَلٰى صِيَامِهِ وَصَلَوَاتِهِ، وَتَقَبَّلْهُ مِنَّا۔

اے معبود! پس ماہ رمضان میں ہم پر برکت نازل فرما اور اس میں روزوں، نمازوں کے لیے ہماری مدد کر اور انہیں ہم سے قبول فرما

ماہ رمضان میں قرآن کریم کی تلاوت شروع کرنے سے پہلے امام جعفر صادقؑ کی دعا

جب ماہ رمضان آئے تو اس مہینے میں بہت زیادہ قرآن کی تلاوت کرے اور روایت ہے کہ امام جعفر صادقؑ تلاوت شروع کرنے سے پہلے یہ دعا پڑھتے تھے:

اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَشْهَدُ أَنَّ هٰذَا كِتَابُكَ الْمُنْزَلُ مِنْ عِنْدِكَ عَلٰى رَسُولِكَ مُحَمَّدِ بْنِ عَبْدِ اللّٰهِ، صَلَّى اللّٰهُ عَلَيْهِ وَآلِهِ،

اے معبود! میں گواہی دیتا ہوں کہ یہ تیری کتاب (قرآن) ہے جو تیری جانب سے نازل ہوئی ہے تیرے آخری رسول محمدؐ بن عبداللہ پر

وَكَلَامُكَ النَّاطِقُ عَلٰى لِسَانِ نَبِيِّكَ جَعَلْتَهُ هَادِياً مِنْكَ إِلٰى خَلْقِكَ وَحَبْلاً مُتَّصِلاً فِيمَا بَيْنَكَ وَبَيْنَ عِبَادِكَ،

اور یہ تیرا کلام ہے جو تیرے نبیؐ کی زبان سے ظاہر ہوا ہے جسے تو نے اپنی طرف سے اپنی مخلوق کا ہادی بنایا ہے اور یہ وہ رسی ہے جو تیرے بندوں کی درمیان تنی ہوئی ہے

اَللّٰهُمَّ إِنِّي نَشَرْتُ عَهْدَكَ وَكِتَابَكَ

اے معبود! بے شک میں نے تیرے حکم نامے اور تیری کتاب کو کھولا ہے

اَللّٰهُمَّ فَاجْعَلْ نَظَرِي فِيهِ عِبَادَةً، وَقِرَاءَتِي فِيهِ فِكْراً، وَفِكْرِي فِيهِ اعْتِبَاراً

اے معبود! پس اس پر میرے نظر کرنے کو عبادت اور میری تلاوت کو اس پر غور اور میرے اس غور کو نصیحت قرار دے

وَاجْعَلْنِي مِمَّنْ اتَّعَظَ بِبَيَانِ مَوَاعِظِكَ فِيهِ، وَاجْتَنَبَ مَعَاصِيَكَ،

اور مجھے ان لوگوں میں رکھ جو اس میں تیرے بیان سے نصیحت پکڑتے ہیں اور تیری نافرمانیوں سے در کنار رہتے ہیں

وَلَا تَطْبَعْ عِنْدَ قِرَائَتِي عَلَى سَمْعِي، وَلَا تَجْعَلْ عَلَى بَصَرِي غِشَاوَةً،

اور اسکی تلاوت کے وقت میرے کان بند نہ کر میری آنکھوں پر پردہ نہ ڈال

وَلَا تَجْعَلْ قِرَائَتِي قِرَائَةً لَا تَدَبُّرَ فِيهَا

اور میری تلاوت کو ایسی تلاوت نہ بنا جس میں غور وفکر نہ ہو

بَلِ اجْعَلْنِي أَتَدَبَّرُ آيَاتِهِ وَأَحْكَامَهُ آخِذاً بِشَرَائِعِ دِينِكَ

بلکہ مجھے ایسا بنادے کہ میں اسکی آیتوں اور احکام پر غور کروں اور تیرے دین کے اصول معلوم کروں

وَلَا تَجْعَلْ نَظَرِي فِيهِ غَفْلَةً وَلَا قِرَائَتِي هَذَراً إِنَّكَ أَنْتَ الرَّؤُوفُ الرَّحِيمُ۔

اور اس پر میری نظر کو بے توجہی اور میری تلاوت کو بے فائدہ نہ بنا بے شک تو بہت مہربان، بڑے رحم والا ہے۔

## امام محمد تقیؑ کی دعا

کتاب مقنعہ میں شیخ مفیدؒ نے ثقہ جلیل علی بن مہزیار سے روایت کی ہے کہ امام محمد تقیؑ نے فرمایا کہ ماہ رمضان کے دنوں اور راتوں میں اس دعا کو زیادہ سے زیادہ پڑھے:

يَا ذَا الَّذِي كَانَ قَبْلَ كُلِّ شَيْءٍ، ثُمَّ خَلَقَ كُلَّ شَيْءٍ، ثُمَّ يَبْقَى وَيَفْنَى كُلُّ شَيْءٍ،

اے وہ جو ہر چیز سے پہلے موجود تھا پھر ہر ایک چیز کو پیدا کیا تو وہ جو باقی رہے گا اور ہر چیز فنا ہو جائے گی

يَا ذَا الَّذِي لَيْسَ كَمِثْلِهِ شَيْءٌ، وَيَا ذَا الَّذِي لَيْسَ فِي السَّمٰوَاتِ الْعُلَى، وَلَا فِي الْأَرَضِينَ السُّفْلَى، وَلَا فَوْقَهُنَّ وَلَا تَحْتَهُنَّ وَلَا بَيْنَهُنَّ إِلٰهٌ يُعْبَدُ غَيْرُهُ،

اے وہ جس کی مانند کوئی چیز نہیں اے وہ جو نہ بلند آسمانوں میں ہے اور نہ پست ترین زمینوں میں ہے اور نہ ان کے اوپر اور نہ ان کے نیچے ہے اور نہ درمیان میں ہے وہ معبود جس کے سوا کوئی معبود نہیں

لَكَ الْحَمْدُ حَمْداً لَا يَقْوَى عَلَى إِحْصَائِهِ إِلَّا أَنْتَ،

تیرے لئے حمد ہے وہ حمد کہ کوئی اسے شمار نہ کر سکے سوائے تیرے

فَصَلِّ عَلَى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ صَلَاةً لَا يَقْوَى عَلَى إِحْصَائِهَا إِلَّا أَنْتَ۔

پس حضرت محمدؐ وآل محمدؐ پر رحمت نازل فرما وہ رحمت کہ کوئی اسے شمار نہ کر سکے سوائے تیرے۔

## سحری کے اعمال

ماہ رمضان میں سحری کے اعمال اور وہ چند امور ہیں

سحری کھانا، سحری کھانا ترک نہ کرے۔ اگرچہ اس میں ایک کھجور اور ایک گھونٹ پانی ہی کیوں نہ ہو اور سحری کے وقت کی بہترین خوارک ستو ہے جس میں کھجور کا سفوف ملا ہو اور روایت ہوئی ہے کہ خداوند عالم اور ملائکہ درود بھیجتے ہیں ان پر جو استغفار کرتے ہیں سحری کے وقت اور سحری کھاتے ہیں

سحری کے وقت سورہ ''انا انزلناہ'' پڑھے روایت میں آیا ہے جو شخص سحری وافطاری اور ان وقتوں کے درمیان اس سورہ کی تلاوت کرے تو اس کے لئے اس شخص جتنا ثواب ہے جو راہ خدا میں زخم کھائے اور جان قربان کردے

معلوم ہونا چاہئے کہ علماء فرماتے ہیں کہ روزے کی نیت سحری کے بعد کرے تو بہتر ہے وگرنہ اول رات سے آخر رات تک جس وقت چاہے روزے کی نیت کرلے نیت کے سلسلے میں اتنا ہی کافی ہے کہ اسکو علم ہو اور اسکا ارادہ ہو کہ کل خدا کی اطاعت میں روزہ رکھے گا پھر ہر ایسی چیز سے پرہیز کرے جو روزے کو باطل کرتی ہے نیز بہتر ہے کہ سحری کے وقت نماز تہجد کا بجالانا ترک نہ کرے۔

## تسبیحاتِ سحر

یہ تسبیحات پڑھے جو اقبال میں بھی مذکور ہیں:

سُبْحَانَ مَنْ يَعْلَمُ جَوَارِحَ الْقُلُوبِ،

پاک تر ہے وہ جو دلوں کے بھید جانتا ہے

سُبْحَانَ مَنْ يُحْصِي عَدَدَ الذُّنُوبِ،

پاک تر ہے وہ جو گناہوں کو شمار کرتا ہے

سُبْحَانَ مَنْ لَا يَخْفَى عَلَيْهِ خَافِيَةٌ فِي السَّمَاوَاتِ وَالْأَرَضِينَ،

پاک تر ہے وہ جس پر آسمانوں اور زمینوں کی پنہائیاں مخفی اور اوجھل نہیں

سُبْحَانَ الرَّبِّ الْوَدُودِ،

پاک تر ہے محبت کرنے والا پروردگار

سُبْحَانَ الْفَرْدِ الْوِتْرِ،

پاک تر ہے وہ جو تنہا و یکتا ہے

سُبْحَانَ الْعَظِيمِ الْأَعْظَمِ۔

پاک تر ہے وہ جو بڑا ہے سب سے بڑا ہے

سُبْحَانَ مَنْ لَا يَعْتَدِي عَلَى أَهْلِ مَمْلَكَتِهِ

، پاک تر ہے وہ جو اپنی حکومت میں رہنے والوں پر زیادتی نہیں کرتا

سُبْحَانَ مَنْ لَا يُؤَاخِذُ أَهْلَ الْأَرْضِ بِأَلْوَانِ الْعَذَابِ

پاک تر ہے وہ جو زمین پر رہنے والوں کو طرح طرح کا عذاب نہیں دیتا

سُبْحَانَ الْحَنَّانِ الْمَنَّانِ،

پاک تر ہے وہ جو محبت والا احسان والا ہے

## پہلی رمضان کے اعمال

۱۔آب جاری میں غسل کرنا اور تیس چلو پانی سر میں ڈالنا کہ یہ سال بھر تک تمام دردوں اور بیماریوں سے محفوظ رہنے کا موجب ہے۔

۲۔ایک چلو عرق گلاب اپنے چہرے پر ڈالے تاکہ ذلت و پریشانی سے نجات ہو اور تھوڑا سا عرق گلاب سر میں ڈالے کہ سال بھر سرسام سے بچا رہے۔

۳۔صحیفہ کاملہ کی چوالیسویں دعا اگر اس ماہ کی پہلی رات میں نہ پڑھ سکے تو آج کے دن میں پڑھے۔

4۔اول ماہ کی دو رکعت نماز پڑھے اور صدقہ دے۔

دو رکعت نماز پڑھے جس کی پہلی رکعت میں سورہ الحمد کے بعد سورہ انا فتحنا اور دوسری رکعت میں سورہ الحمد کے بعد کوئی سورہ پڑھے تاکہ خدائے تعالی اس سال تمام برائیوں کو اس سے دور رکھے اور آخر سال تک اس کی حفاظت کرے۔

طلوع فجر کے بعد کی دعا

اَللّٰھُمَّ قَدْ حَضَرَ شَھْرُ رَمَضانَ وَقَدِ افْتَرَضْتَ عَلَیْنا صِیامَہُ،

اے معبود! ماہ رمضان آ گیا ہے اور تو نے اس کے روزے ہم پر فرض کیے ہیں

وَأَنْزَلْتَ فِیہِ الْقُرْآنَ ھُدیً لِلنّاسِ وَبَیِّناتٍ مِنَ الْھُدیٰ وَالْفُرْقانِ۔

اس میں تو نے قرآن اتارا ہے جو لوگوں کیلئے ہدایت اور ہدایت کی نشانیاں اور حق و باطل میں فرق کرتا ہے

اَللّٰھُمَّ أَعِنّا عَلیٰ صِیامِہِ، وَتَقَبَّلْہُ مِنّا

اے معبود! اسکے روزے رکھنے میں مدد کر اور اسے ہم سے قبول فرما

وَتَسَلَّمْہُ مِنّا، وَسَلِّمْہُ لَنا فِی یُسْرٍ مِنْکَ وَعافِیَةٍ، إِنَّکَ عَلیٰ کُلِّ شَیْءٍ قَدِیرٌ۔

اسکو ہم سے پورا لے اور ہمارے لیے پورا فرما اپنی طرف سے آسانی و سہولت کے ساتھ بیشک تو ہر چیز پر قدرت رکھتا ہے۔

## پہلے دن کی دعا

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْ صِیامِی فِیہِ صِیامَ الصّائِمِینَ

اے معبود! میرا آج کا روزہ حقیقی روزے داروں جیسا قرار دے

وَقِیامِی فِیہِ قِیامَ الْقائِمِینَ

میری عبادت کو سچے عبادت گزاروں جیسی قرار دے

وَنَبِّھْنِی فِیہِ عَنْ نَوْمَةِ الْغافِلِینَ،

آج مجھے غافل لوگوں جیسی نیند سے بیدار کر دے

وَھَبْ لِی جُرْمِی فِیہِ یَا إِلٰہَ الْعالَمِینَ،

اور آج میرے گناہ بخش دے اے جہانوں کے پالنے والے

وَاعْفُ عَنِّی یَا عافِیاً عَنِ الْمُجْرِمِینَ۔

اور مجھ سے درگزر کر اے گناہگاروں سے درگزر کرنے والے

## دوسرے دن کی دعا

اَللّٰھُمَّ قَرِّبْنِی فِیہِ إِلیٰ مَرْضاتِکَ

اے معبود! آج کے دن مجھے اپنی رضاؤں کے قریب کر دے

وَجَنِّبْنِی فِیہِ مِنْ سَخَطِکَ وَنَقِماتِکَ

آج کے دن مجھے اپنی ناراضی اور اپنی سزاؤں سے بچائے رکھ

وَوَفِّقْنِی فِیہِ لِقِراءَةِ آیاتِکَ،

اور آج کے دن مجھے اپنی آیات پڑھنے کی توفیق دے

بِرَحْمَتِکَ یَا أَرْحَمَ الرَّاحِمِینَ۔

اپنی رحمت سے اے سب سے زیادہ رحم کرنے والے۔

## تیسرے دن کی دعا

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنِی فِیہِ الذِّھْنَ وَالتَّنْبِیہَ،

اے معبود! آج کے دن مجھے ہوش اور آگاہی عطا فرما

وَباعِدْنِی فِیہِ مِنَ السَّفاھَةِ وَالتَّمْوِیہِ،

مجھے ہر طرح کی ناسمجھی اور بے راہ روی سے بچا کے رکھ

وَاجْعَلْ لِی نَصِیباً مِنْ کُلِّ خَیْرٍ تُنْزِلُ فِیہِ،

اور مجھ کو ہر اس بھلائی میں سے حصہ دے جو آج تیری عطاؤں سے نازل ہو

بِجُودِکَ یَا أَجْوَدَ الْأَجْوَدِینَ۔

اے سب سے زیادہ عطا کرنے والے۔



اگر آپ کو صدقہ، خیرات، نیاز امام ضامن نیابت کی زیارت کروانی ہوں تو ہم سے رابطہ کریں۔
CLICK HERE TO DONATE

نیازوں صدقہ خیرات کیلئے رابطہ کریں
WA:+1-639-994-8836
Email: masoomeen914@gmail.com

JOIN MASOOMEEN (AS) WHATSAPP GROUP
CLICK HERE TO JOIN
+1-639-994-8836

JOIN MASOOMEEN (AS) LADIES WHATSAPP GROUP
CLICK HERE TO JOIN
+1-639-994-8836